No. of Printed Pages : 8

BUDLA-135

B.A. GENERAL (CBCS) (BAG)

Term-End Examination

June, 2022

BUDLA-135 : STUDY OF MODERN URDU PROSE AND POETRY

Time : 3 hours *Maximum Marks : 100*

ہدایات: یہ سوال نامہ تین حصوں A، B اور C میں منقسم ہے۔ ہر حصّے کے سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ سوالوں کے نمبر اُن کے سامنے درج ہیں۔

SECTION A

1. درج ذیل اشعار کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ *8*

نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے
وہ اپنی خوبیٔ قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے

تیرے ستم سے میں خوش ہوں کہ غالباً یوں بھی
مجھے وہ شاملِ اربابِ ایثار کرے

روشن جمالِ یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتشِ گل سے چمن تمام

اچھا ہے اہلِ جور کیے جائیں سختیاں
پھیلے گی یوں ہی شورشِ حُبِ وطن تمام

یا

دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اُجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

مآل سوزِ غم ہائے نہانی دیکھتے جاؤ
بھڑک اٹھی ہے شمعِ زندگانی دیکھتے جاؤ

چلے بھی آؤ وہ ہے قبرِ فانؔی دیکھتے جاؤ
تم اپنے مرنے والے کی نشانی دیکھتے جاؤ

2. درج ذیل میں سے کسی دو بند کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 8

(i) لیکن میں یہاں پھر آؤں گا

بچوں کے ذہن سے بولوں گا

چڑیوں کی زباں سے گاؤں گا

جب بیج ہنسیں گے دھرتی میں

اور کونپلیں اپنی انگلی سے

مٹی کی تہوں کو چھوڑیں گی

میں پتی پتی ، کلی کلی

اپنی آنکھیں پھر کھولوں گا

(ii) شہر کی رات اور میں ناشاد و ناکارہ پھروں

جگمگاتی، جاگتی سڑکوں پر آوارہ پھروں

غیر کی بستی ہے، کب تک دربدر مارا پھروں

اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

(iii) پھر کوئی آیا دلِ زار نہیں کوئی نہیں

راہرو ہوگا ، کہیں اور چلا جائے گا

ڈھل چکی رات، بکھرنے لگا تاروں کا غبار

لڑکھڑانے لگے ایوانوں میں خوابیدہ چراغ

سو گئی راستہ تک تک کے ہر اک راہگذار

اجنبی خاک نے دھندلا دیے قدموں کے سراغ

گل کرو شمعیں ، بڑھا دو مئے و مینا و ایاغ

اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفّل کر لو

اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا

3. درج ذیل میں سے کسی دو اقتباسات کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 8

(i)

وہ پہلا گنہگار انسان جب شیطان کے چنگل میں پھنسا اور تمام نیکیوں نے اس کو چھوڑا اور تمام بدیوں نے اس کو گھیرا تو صرف تو ہی اس کے ساتھ رہی۔ تو ہی نے اس ناامید کو ناامید نہ ہونے دیا۔ تو ہی نے اس موت میں پھنسے دل کو مرنے نہیں دیا۔ تو ہی نے اس کو اس ذلت سے نکالا۔ اور پھر اس کو اعلیٰ درجہ پر پہنچایا جہاں کہ فرشتوں نے اسے سجدہ کیا تھا۔

(ii)

ایک دن بیگم صاحبہ کے سر میں درد ہونے لگا تو ماما سے کہا کہ جا کر مرزا جی کو بلا لا۔ کسی حکیم کے یہاں سے دوا لادیں۔ دوڑ جلدی کر سر پھٹا جارہا ہے۔ ماما گئی تو مرزا جی نے کہا کہ، چل ابھی آتے ہیں۔ بیگم صاحبہ کو اتنی تاب کہاں کہ ان کے سر میں درد ہو اور میاں شطرنج کھیلنے میں مصروف ہوں۔

(iii)

چارپائی اور مذہب ہندوستانیوں کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ یہ اسی پر پیدا ہوتااور یہیں سے جیل خانہ، کونسل یا عدم کا راستہ لیتاہے۔ چارپائی ہندوستانیوں کی گھٹی میں ملی ہوئی ہے۔ وہ اسی پر سفوف ملیّن پھانکتاہے۔ لبوب کبیر استعمال کرتاہے اور ان کے نتائج بھی بھگتتاہے۔ اس کو چارپائی پر اتنا ہی اعتماد ہے جتنا لائڈ جارج کو ارباب، آئی، سی، ایس پر یا قوم کو لیڈر پر۔ وہ چارپائی ہی پر سے حکومت کرتاہے۔ اور پولیس، بیوی یا ملک الموت سے یہیں دست و گریباں یا بغل گیر ہوتاہے۔ یہیں سے غراتاہے اور یہیں سے اس کی گھگھی بندھ جاتی ہے۔

4. ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کے حالاتِ زندگی بیان کیجیے۔ *8*

(i) سر سید احمد خاں

(ii) ابوالکلام آزاد

5. ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھیے۔ *8*

(i) اسرار الحق مجازؔ

(ii) مولانا حسرت موہانی

SECTION B

6. درج ذیل میں سے 6 سوالوں کے جواب دیجیے۔ *6×5=30*

(i) افسانوی اور غیر افسانوی نثر کے نام لکھیے۔

(ii) اُردو کے پانچ نمائندہ صاحبِ طرز ادیبوں کے نام بتائیے۔

(iii) غالب کے خطوط پر مختصراً اظہارِ خیال کیجیے۔

(iv) سر سید احمد خاں کے اسلوب کی کوئی پانچ خصوصیات بتائیے۔

(v) پریم چند کے ہم عصر پانچ ادیبوں کے نام بتائیے۔

(vi) جدید اُردو نظم سے منسلک پانچ شاعروں کے نام بتائیے۔

(vii) قصیدہ نگاری کے زوال پر ایک پیرا گراف لکھیے۔

(viii) فراق، فانی اور حسرت موہانی کے ایک ایک شعر لکھیے جو اس پرچے میں شامل نہ ہوں۔

SECTION C

7. علامہ اقبال کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ *10*

یا

فراق کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

8. جوش ملیح آبادی کی نظموں کی خوبیاں بیان کیجیے۔ *10*

یا

فیضؔ کی شاعری کے اسلوب پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

9. ابوالکلام آزاد کے اسلوب کی انفرادیت بیان کیجیے۔ *10*

یا

پریم چند کے فن کا جائزہ لیجیے۔